© rasailojaraid.com


قرآن مجید کی آیات کو الگ الگ جمع کیا گیا ہے۔ ہر آیت کے مقابل اس کا صاف سلیس ترجمہ ہے، اور کہیں کہیں مختصراً آیات کی تشریح بھی کر دی گئی ہے۔ ترتیب و تبویب عمدہ ہے، اور اس کے ذریعہ سے قرآن مجید کی تعلیمات کا ضروری علم بآسانی حاصل ہو سکتا ہے، کاغذ کتابت طباعت اور جلد بندی میں خوب اہتمام کیا گیا ہے۔ اگرچہ عام طور پر اس کا مطالعہ مفید ہوگا لیکن خصوصیت کے ساتھ ان لڑکوں اور لڑکیوں کو تو یہ کتاب ضرور پڑھانی چاہیئے جو سرکاری مدرسوں میں پڑھتے ہیں، اور مذہبی تعلیم سے بے بہرہ ہیں۔

**قرآن آموز** تالیف مولوی نذیر بن ابی سلمیٰ ضخامت ۴۸ صفحات قیمت ۴ر دفتر قرآن آموز۔ احاطہ شہزادہ محمد طاہر۔ لدھیانہ۔

مؤلف نے اس رسالہ سے ایک مفید سلسلہ کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد بچوں میں اتنی استعداد پیدا کرنا ہے کہ وہ علوم متداولہ کی تعلیم حاصل کیے بغیر قرآن مجید کو بقدر ضرورت سمجھ سکیں۔ اگر بچوں کو یہ رسالہ پڑھا دیا جائے تو وہ قرآن مجید کی زبان سے تھوڑے بہت روشناس ہو جائیں گے اور کسی حد تک سمجھ کر تلاوت کر سکیں گے۔

**گلدستہ معانی** از خان بہادر حاجی رحیم بخش صاحب ایم اے پنشنر ڈسٹرکٹ و سشن جج ضخامت ۷۶ صفحات۔ ملنے کا پتہ ۱۲ فرید کوٹ روڈ۔ لاہور۔

اس مختصر سے رسالہ میں مولف نے چند آیات کو لے کر ان کی لفظی و معنوی خوبیوں اور ان کے لاجواب طرز بیان پر بحث کی ہے مقصود یہ ہے کہ لوگوں میں قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنے اور اس کے حقائق و معارف پر غور کرنے کا ذوق پیدا ہو۔

**الفرقان** ماہوار رسالہ زیر ادارت مولوی محمد منظور صاحب نعمانی ضخامت ۶۰ صفحات قیمت سالانہ تین روپے دفتر الفرقان بریلی۔

ایک مذہبی و تبلیغی رسالہ ہے۔ مذہبی رسائل پر عالمانہ رنگ میں بحث کی جاتی ہے اور عقاید و رسوم کی اصلاح کے مفید مضامین شائع ہوتے ہیں۔ مناظرانہ بحثوں کے لیے بھی ایک معتد بہ حصہ ہوتا ہے جن میں زیادہ تر مولوی احمد رضا خان صاحب

© rasailojaraid.com